روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
جمعہ 27 فروری 2009ء یکم ربیع الاول 1430 ہجری 27 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 46

جو زمین سے لگ جائے

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس نے میرے لئے اس طرح تواضع اختیار کی۔
یہ فرماتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے اپنی ہتھیلی کو زمین کے ساتھ لگا دیا۔
اس کو میں اس طرح بلند کروں گا اور یہ فرماتے ہوئے آپ نے اپنی ہتھیلی کو آسمان کی طرف اونچا کرنا شروع کیا اور بہت بلند کر دیا۔
یعنی جو عاجزی اختیار کرے اور زمین کے ساتھ لگ جائے اس کو خدا تعالیٰ خود بلند کرتا ہے۔
(مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر:292)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت خلیفۃ المسیح الاول مولانا نورالدین صاحب فرماتے ہیں:۔

خشیت الٰہی

ایک اخشی للہ عالم میں نے دیکھا ہے۔ ایک مخالف کے بعض اعتراضوں کے بارے میں، میں نے حضرت مسیح موعود سے عرض کیا کہ ان کے جواب کے متعلق موجودہ صورت میں مجھے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یا تو ان اعتراضوں کا ذکر ہی نہ کروں اور اگر کروں تو الزامی جواب دے دوں۔ یہ سن کر آپ کو جوش آ گیا۔ فرمایا جس بات پر تمہیں خود اطمینان نہیں اسے دوسروں کو مَنواتے ہو؟ مومن ایسا ہرگز نہیں کرتا۔ یہ کلمات طیبات سن کر مجھے یقین ہو گیا کہ یہ بزرگ بڑی خشیت الٰہی رکھنے والا ہے اور کوئی بات نہیں کہتا جس کا خدا سے یقین نہیں۔ اس بزرگ کا نام مرزا تھا۔

پاک صحبت

دوسرا فائدہ میں نے آپ کی صحبت میں یہ اٹھایا کہ دنیا کی محبت مجھ پر بالکل سرد پڑ گئی۔ کوئی ہو مخالف یا موافق میرے تمام کاروبار اور تعلقات کو دیکھے کیا مجھ میں ذرہ بھر بھی حُبِ دنیا باقی ہے یہ سب مرزا کی قوت قدسیہ اور فیض صحبت سے حاصل ہوا۔ یہ تو مشہور ہے کہ حب الدنیا راس علی کل خطیئۃٍ پس میں نے مرزا کی صحبت سے وہ فائدہ حاصل کیا۔ جو تمام تعلیمات الٰہیہ کا منشاء ہے اور ذریعہ نجات اور اسی دنیا میں بہشتی زندگی۔

عفوو درگزر

ایک شخص سے کسی نے کہہ دیا تم جھوٹ بولتے ہو اس پر وہ بہت ہی طیش میں آ گیا اور سخت سست کہنے لگا۔ اس کی آواز حضرت مسیح موعود کے گوش مبارک تک پہنچ گئی۔ فرمانے لگے کیا اس شخص نے اپنی عمر بھر میں کبھی جھوٹ نہیں بولا جو یہ اس قدر غیظ و غضب میں آ رہا ہے۔ اتنی مدت خدا تعالیٰ نے ستاری سے کام لیا۔ اگر ایک بار کسی کی زبان سے جھوٹا کہلوا دیا تو اسے اپنی اصلاح کر لینی چاہئے تھی۔ اور خدا کے حضور شرمسار ہونا تھا نہ یہ کہ شور ڈال دیا۔

(الحکم 28/ اکتوبر 1912ء)

مکرم مبشر احمد صاحب آف کراچی
راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے

مکرم مبشر احمد صاحب ابن مکرم محمود احمد صاحب بشیر آباد سندھ حال منگھوپیر روڈ کراچی کو 20 فروری 2009ء کو مخالفین نے فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا۔

مرحوم ایک فیکٹری میں ملازم تھے۔ وقوعہ کے روز رات تقریباً پونے دس بجے ڈیوٹی ختم کر کے موٹر سائیکل پر گھر کے لئے روانہ ہوئے راستہ میں ایک دینی مدرسہ کے بالمقابل پہنچے تو مدرسے کی جانب سے آنے والے دو افراد نے فائرنگ کر دی۔ شدید زخمی حالت میں ہسپتال لے جایا گیا جہاں وفات ہو گئی۔ مرحوم کو فیکٹری میں بھی کافی عرصہ سے مخالفت کا سامنا تھا۔ بائیکاٹ کے علاوہ دھمکیوں کا سلسلہ بھی کافی عرصہ سے جاری تھا۔ بوقت وفات مرحوم کی عمر تقریباً 42 سال تھی۔ نظام وصیت میں شامل تھے۔ فعال جماعتی عہدیدار تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ محترمہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑی ہیں۔ بڑا بیٹا 8Th کلاس میں زیر تعلیم اور تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ بیٹی 5Th کلاس کی طالبہ اور چھوٹا بیٹا 3rd کلاس میں زیر تعلیم ہے۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے۔ اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔ جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کا ہر آن حامی و ناصر ہو۔ آمین (ناظر امور عامہ)

التواء کنونشن

IAAAE سالانہ کنونشن جو کہ 7 اور 8 مارچ 2009ء کو ایوان انصار اللہ پاکستان میں منعقد ہونا تھا بعض وجوہ کی بناء پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ احباب مطلع رہیں۔ (جنرل سیکرٹری IAAAE)

ایک احمدی پر فائرنگ

مکرم محمد اقبال عابد صاحب مربی سلسلہ ضلع وہاڑی کو مخالفین نے 25 فروری 2009ء کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا۔ موصوف ایک جماعتی پروگرام کے

(باقی صفحہ 11 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 522)

انگریزی لیکچر ”احمدیت“ کے مسودہ کا صبر آزما مرحلہ

پہلے سفر یورپ سے واپسی کے بعد حضرت مصلح موعود نے 19 ر اکتوبر 1924ء کو بمبئی کے ایک دربار عام کے دوران انکشاف کیا کہ:۔

میں نے جو کتاب لکھی ہے اس کی اہمیت کا اندازہ میں ہی کر سکتا ہوں کہ کن حالات میں وہ لکھی گئی اور کیسے مشکلات سے گزرتی ہوئی وہ شائع ہوئی۔ اس کتاب کی حیثیت عام کتب سے زیادہ اہم ہے۔ سخت اور شدید گرمیوں میں جب کہ لوگ دن کو بھی کام نہ کر سکتے تھے اور گھبرا جاتے تھے اس موسم میں رات کے بعض دفعہ دو دو بج جایا کرتے تھے اور میری گردن میں دس دس بیس بیس پتنگے چڑھے ہوتے تھے کیونکہ لیمپ کی روشنی میں کام کرنا ہوتا تھا اور بعض اوقات اتنی کوفت ہو جاتی کہ کام کرتے کرتے تھکان کی وجہ سے چارپائی پر جانا بھی مشکل ہو جایا کرتا تھا فرش پر ہی لیٹ جاتا تھا۔ اس محنت اور ان حالات کی وجہ سے خواہش تھی اور دل چاہتا تھا کہ وہ کتاب وقت پر چھپے بھی اور ہمیں وہاں پہنچ بھی جائے کیونکہ مصنف کو اپنی تصنیف کیسے ہیں کہ بچے کی طرح پیاری ہوا کرتی ہے۔ جس وقت وہ کتاب وہاں پہنچی اس وجہ سے زیادہ خوشی تھی۔ جن لوگوں کے ہاتھوں سے وہ کام ہوا ہے اس وجہ سے میں نے خاص دعائیں کی ہیں جن کا مجھے یقین ہے کہ ضرور قبول ہوئیں۔

القصہ نہایت ہی مشکل اور حیرت انگیز حالات میں کتاب لکھی گئی تھی اور اسی وجہ سے وقت پر پہنچ جانا زیادہ خوشی کا موجب ہوا۔ وہ کتاب محض نصرت وتائید الٰہی کے ماتحت لکھی گئی ہے۔“

(سفر یورپ صفحہ 480-481)

فرانس میں حضرت مصلح موعود کے ایک اثر انگیز انٹرویو کی اشاعت

نومبر 1924ء میں میلان (فرانس) کے مشہور اخبار Corrier Dellaisera نے سیدنا حضرت مصلح موعود کا ایک اثر انگیز انٹرویو شائع کیا جس سے فرانس کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک تحریک احمدیت کا بہت چرچا ہوا اس تاریخی انٹرویو کا ایک حصہ ہدیہ قارئین کیا جاتا ہے۔

سوال۔ سلسلہ احمدیہ کے بانی نے کب دعویٰ کیا تھا؟

جواب۔ بانی سلسلہ احمدیہ نے 1889ء میں دعویٰ کیا اور آپ کا وصال 1908ء میں ہو گیا۔ آپ قادیان میں پیدا ہوئے اور وہی سلسلہ کا مرکز ہے گو اس کی شاخیں تمام دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔

سوال۔ کیا آپ کے پیرو ہندوستان کے ایک ہی حصہ میں رہتے ہیں؟

جواب۔ نہیں ہندوستان کے مختلف حصوں میں موجود ہیں۔

سوال۔ کیا آپ کا مذہب کوئی نیا مذہب ہے؟

جواب۔ ہمارا مذہب نیا نہیں ....

سوال۔ کیا پیرس کی (البیت) کی بنیاد آپ نے ہی رکھی ہے؟

جواب۔ نہیں ہم نے لنڈن کی (البیت) کی بنیاد رکھی تھی اور اس موقع پر جاپانی سفیر اور ان کے علاوہ نصف درجن دوسری حکومتوں کے قائمقام موجود تھے اور کئی سو انگریز مرد و عورتوں کا مجمع تھے۔ ہماری ایک (البیت) شکاگو امریکہ میں بھی ہے۔ پیرس کی (البیت) میں ہم نے کل پہلی مرتبہ امام ہو کر باجماعت نماز ادا کی ہے۔

سوال۔ آپ کا کثرت ازدواج کے متعلق کیا خیال ہے؟ اور کیا مذہبی پیشوا بھی ایک سے زیادہ شادیاں کر سکتا ہے؟

جواب۔ ہمارے نزدیک بعض پابندیوں کے ساتھ کثرت ازدواج جائز ہے اور مذہبی پیشوا بھی ایک سے زیادہ شادیاں کر سکتے ہیں۔

سوال۔ جب آپ روم آئے تھے تو آپ نے پوپ سے ملاقات کی تھی؟

جواب۔ ہم نے پوپ سے ملنا چاہا تھا لیکن انہوں نے کہا کہ ان کا مکان زیر مرمت ہے اس وجہ سے نہیں مل سکتے چنانچہ ان کے اس جواب پر روما کے اخبار لائٹر یونا نے یہ نوٹ بھی لکھا تھا کہ ان کا مکان شاید ہمیشہ ہی زیر مرمت رہے گا۔

سوال۔ کیا آپ بھی پوپ کی طرح معصوم ہیں؟

جواب۔ ہمارا ہرگز ایسا مذہب نہیں۔ میں غلطی کر سکتا ہوں۔

سوال۔ ہم لوگ بھی پوپ کی نسبت یہ خیال نہیں کرتے کہ وہ پرائیویٹ معاملات میں مصئون عن الخطا ہے بلکہ یہ یقین کیا جاتا ہے کہ وسائل مذہبی کا صحیح ترجمان پوپ ہے۔ کیا آپ بھی ایسے ہی ہیں؟

جواب۔ میرا صرف انتظام وضبط جماعت میں آخری فیصلہ ہوتا ہے۔ مذہبی اجتہادات میں میں اپنے آپ کو کلیۃً مصئون عن الخطا نہیں سمجھتا۔

سوال۔ آپ کا اٹلی کے متعلق کیا خیال ہے۔

(باقی صفحہ 11 پر)

آسٹریلیا میں خلافت جوبلی کی تقاریب

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت آسٹریلیا کو خلافت احمدیہ کے سو سال مکمل ہونے پر خلافت جوبلی کے حوالے سے مختلف تقاریب منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

اجتماع

خلافت جوبلی کے مبارک سال میں جماعت آسٹریلیا کو خدام، انصار اور اطفال الاحمدیہ کا مشترکہ سالانہ اجتماع سڈنی میں کرنے کی توفیق ملی۔ اس تاریخی موقع پر ملک کے طول وعرض سے خدام، انصار، اطفال نے بھرپور شمولیت اختیار کر کے خلافت کے ساتھ یکجہتی کا ثبوت دیا۔ یہ اجتماع 4 دن تک جاری رہا جس میں مختلف اجتماعی ورزشی وعلمی مقابلہ جات مابین خدام، انصار منعقد کئے گئے۔

مشاعرہ

اس اجتماع کے موقع پر ایک شاندار مشاعرے کا بھی انتظام کیا گیا جس میں آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والے کثیر تعداد میں شعراء شامل ہوئے جنہوں نے خلافت کے حوالہ سے اپنے منظوم کلام پیش کئے۔ اس مشاعرہ کو ہر کسی نے سراہا اور بڑھ چڑھ کر داد دی۔

اسی طرح لجنہ اماء اللہ کو بھی اپنے سالانہ اجتماع کے موقعہ پر خلافت جوبلی مشاعرہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ ان ہر دو مشاعروں میں اطفال نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

تعمیر خلافت جوبلی ہال

خلافت جوبلی کے سال کے حوالے سے جماعت احمدیہ آسٹریلیا کو سڈنی میں خلافت جوبلی ہال تعمیر کرنے کی بھی سعادت حاصل ہوئی جس کے لئے مالی قربانی کے ساتھ ساتھ وقار عمل بھی کئے گئے۔

ویب سائٹ

سو سالہ تاریخ، تصاویر اور دستاویزات کو بھی جماعت آسٹریلیا اپنی ویب سائٹ (Ahmadiyya.org.au) میں محفوظ کر رہی ہے۔ اس ویب سائٹ کی ٹیم میں تصاویر کے حوالے سے ایک نئی ٹیم بھی شامل کی گئی ہے۔ جو تمام تصاویر کو محفوظ کر رہی ہے۔ یہ تمام معلومات اور تصاویر تمام افراد جماعت کے استفادے کے لئے مندرجہ بالا ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

☆......☆......☆

سانحہ ارتحال

❁ مکرم عبدالشکور شاہد صاحب گلشن اقبال کراچی تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ زہرہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم مولانا عبدالمنان شاہد صاحب مربی سلسلہ 16 فروری 2009ء کو کراچی میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں وہ 1937ء کو مکرم چوہدری نظام الدین صاحب مرحوم آف چشتیاں کے ہاں پیدا ہوئیں۔ محترمہ والدہ صاحبہ نے ساری زندگی نہایت اخلاص اور سادگی سے گزاری اور ایک لمبا عرصہ ہر قسم کے حالات کا سامنا اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے کیا۔ محترم والد صاحب کی تقرری کے دوران جس علاقے میں بھی رہیں نہایت اچھا تاثر چھوڑا۔ ہمدرد با اخلاق نہایت ہی دعا گو تھیں۔ ہم سب بہن بھائیوں نے ساری زندگی ان کو دعائیں کرتے ہوئے۔ نمازوں اور تہجد میں پابند اور خلفائے احمدیت اور نظام جماعت کی اطاعت میں پابند اور تقویٰ سے زندگی بسر کرتے ہوئے دیکھا ہے اور ساری اولاد کو بھی یہی تعلیم دیتی رہی ہیں۔ محترم والد صاحب کے ساتھ بہت اچھا سلوک تھا اور ان کی بہت خدمت کی اور جماعتی کاموں میں پورا پورا تعاون کرتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ پر کامل یقین تھا۔ پچھلے دو سالوں میں بہت بیمار تھیں ایک سال پہلے تک چلنا پھرنا ممکن ہو گیا تھا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو زندگی دی اور چلنا پھرنا شروع کر دیا۔ تین چار مواقع آپ پر ایسے آئے کہ بچنا بہت مشکل تھا۔ لوگ آپ کو دیکھ کر کہتے کہ واقعتہً خدا ہے۔ جس کا ثبوت ہمارے سامنے ہے۔ تو آپ فرماتی تھیں کہ یہ پیارے آقا کی دعاؤں کے طفیل اور اللہ تعالیٰ کے فضل کا نتیجہ ہے۔ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں 17 فروری کو آپ کا جنازہ کراچی سے ربوہ لایا گیا۔ کراچی سے روانگی سے قبل بیت اشرف گلشن اقبال میں آپ کی نماز جنازہ آپ کے بیٹے مکرم عبدالحلیم شاہد صاحب مربی ضلع کوئٹہ نے پڑھائی اور 8 فروری کو محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر نے ربوہ میں صبح 10 بجے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد محترم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں تین بیٹے خاکسار، مکرم عبدالحلیم شاہد صاحب مربی سلسلہ ضلع کوئٹہ، مکرم عبدالباقی شاہد صاحب، کراچی تین بیٹیاں مکرمہ امۃ الباسط شاہدہ صاحبہ اہلیہ مکرم مبشر احمد بٹ صاحب لیاقت آباد کراچی، مکرمہ امۃ النصیر بشریٰ صاحبہ اہلیہ مکرم پروفیسر لطیف احمد صاحب کراچی اور مکرمہ قمر النساء شمسہ صاحبہ اہلیہ مکرم منور الدین صاحب لاہور اور دیگر پوتے پوتیاں چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیشہ ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرماتا چلا جائے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

سیرت النبیؐ کا ایک شاندار پہلو۔ دینی غیرت

آنحضرت ﷺ اخلاق فاضلہ میں بلند ترین مقام پر فائز ہیں جیسا کہ خدا تعالیٰ نے خود قرآن کریم میں گواہی دی اور اعلان فرمایا:۔

(ہم) قلم اور دوات کو اور اس کو جو ان (کے ذریعہ) سے لکھا جاتا ہے۔ شہادت کے طور پر پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ تو اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں اور تجھے خدا کی طرف سے ایسا بدلہ ملے گا جو کبھی ختم نہ ہوگا (اس کے علاوہ ہم یہ بھی قسم کھاتے ہیں کہ) تو (اپنی تعلیم اور عمل میں) نہایت اعلیٰ درجہ کے اخلاق پر قائم ہے۔ (القلم: آیات 2 تا 5)

آپؐ سے زندگی کے ہر شعبہ میں بہترین اخلاق کا اظہار ہوا۔ محبت الٰہیہ کے نتیجے میں آپ کے دل میں خدا تعالیٰ اور اس کے دین کے لئے بے حد غیرت پائی جاتی تھی۔ آپ نے نہ صرف دشمنوں کے مقابلہ میں غیرت دینی کا مظاہرہ کیا بلکہ اپنے صحابہ میں سے بھی اگر کسی سے احکام الٰہیہ کی ہتک ہوتی تو اس پر آپ اظہار غیرت سے باز نہ رہتے۔ آپ کی حیات طیبہ میں دینی غیرت کے بیسیوں واقعات ملتے ہیں۔

مشرکین کی مداہنت اور آپؐ کی غیرت

آنحضرتؐ نے اللہ تعالیٰ کی وحی کے مطابق توحید الٰہی کی جب تبلیغ شروع کی اور شرک کی تردید فرمائی اور قوم کی برائیاں کھول کھول کر بیان کیں تو انہوں نے مداہنت کی کوشش کی جس کا ذکر سورۃ القلم کی آیت 9 تا 17 میں ملتا ہے۔

حضرت مسیح موعود نے ان آیات کا یہ ترجمہ کیا ہے۔

تو ان مکذبوں کے کہنے پر مت چل جو بدل اس بات کے آرزومند ہیں کہ ہمارے معبودوں کو برا مت کہو اور ہمارے مذہب کی ہجو مت کرو تو پھر ہم بھی تمہارے مذہب کی نسبت ہاں میں ہاں ملاتے رہیں گے۔ ان کی چرب زبانی کا خیال مت کر یہ شخص جو مداہنہ کا خواستگار ہے جھوٹی قسمیں کھانے والا اور ضعیف الرائے اور ذلیل آدمی ہے۔ دوسروں کے عیب ڈھونڈنے والا اور سخن چینی سے لوگوں میں تفرقہ ڈالنے والا اور نیکی کی راہوں سے روکنے والا زنا کار اور بایں ہمہ نہایت درجہ کا بدخلق اور ان سب عیبوں کے بعد ولدالزنا بھی ہے عنقریب ہم اس کے اس ناک پر جو سؤر کی طرح بہت لمبا ہوگیا ہے داغ لگا دیں گے یعنی ناک سے مراد رسوم اور ننگ و ناموس کی پابندی ہے جو حق کے قبول کرنے سے روکتی ہے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 117,116)

مداہنت کے لئے ایک وفد آپ کے چچا حضرت ابوطالب کے پاس آیا تھا اور طرح طرح کی پیشکش کی تھی لیکن آپ کی غیرت دینی کا یہ حال تھا کہ آپ نے فرمایا خدا کی قسم اگر یہ لوگ سورج کو میرے دائیں اور چاند کو میرے بائیں بھی لا کر کھڑا کر دیں تب بھی میں خدائے واحد و یگانہ کے ذکر اور اسلام کی تبلیغ سے باز نہیں رہ سکتا۔ آنحضرت ﷺ اور حضرت ابوطالب کے اس سارے مکالمہ کو حضرت مسیح موعود نے اپنی ایک الہامی تحریر میں اسی طرح بیان کیا ہے۔ فرمایا جب یہ آیتیں اتریں کہ مشرکین رجس ہیں پلید ہیں شرالبریہ ہیں سفہا ہیں اور ذریت شیطان ہیں اور ان کے معبود وقودالنار اور حصب جہنم ہیں تو ابوطالب نے آنحضرت ﷺ کو بلا کر کہا۔

اے میرے بھتیجے! اب تیری دشنام دہی سے قوم سخت مشتعل ہوگئی ہے اور قریب ہے کہ تجھ کو ہلاک کریں اور ساتھ ہی مجھ کو بھی۔ تو نے ان کے عقلمندوں کو سفیہ قرار دیا اور ان کے بزرگوں کو شرالبریہ کہا اور ان کے قابل تعظیم معبودوں کا نام ہیزم جہنم اور وقودالنار رکھا اور عام طور پر ان سب کو رجس اور ذریت شیطان اور پلید ٹھہرایا۔ میں تجھے خیر خواہی کی راہ سے کہتا ہوں کہ اپنی زبان کو تھام اور دشنام دہی سے باز آجا ورنہ میں قوم کے مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتا۔ آنحضرت ﷺ نے جواب میں کہا کہ

اے چچا یہ دشنام دہی نہیں ہے بلکہ اظہار واقعہ ہے اور نفس الامر کا عین محل پر بیان ہے اور یہی تو کام ہے جس کے لئے میں بھیجا گیا ہوں۔ اگر اس سے مجھے مرنا درپیش ہے تو میں بخوشی اپنے لئے اس موت کو قبول کرتا ہوں۔ میری زندگی اسی راہ میں وقف ہے میں موت کے ڈر سے اظہار حق سے رک نہیں سکتا اور اے چچا! اگر تجھے اپنی کمزوری اور تکلیف کا خیال ہے تو تو مجھے پناہ میں رکھنے سے دستبردار ہو جا۔ بخدا مجھے تیری کچھ بھی حاجت نہیں میں احکام الٰہی کے پہنچانے سے کبھی نہیں رکوں گا۔ مجھے اپنے مولیٰ کے احکام جان سے زیادہ عزیز ہیں۔ بخدا اگر میں اس راہ میں مارا جاؤں تو چاہتا ہوں کہ پھر بار بار زندہ ہو کر ہمیشہ اسی راہ میں مرتا رہوں۔ یہ خوف کی جگہ نہیں بلکہ مجھے اس میں بے انتہا لذت ہے کہ اس کی راہ میں دکھ اٹھاؤں۔

آنحضرت ﷺ یہ تقریر کر رہے تھے اور چہرہ پر سچائی اور نورانیت سے بھری ہوئی رقت نمایاں ہو رہی تھی اور جب آنحضرت ﷺ یہ تقریر ختم کر چکے تو حق کی روشنی دیکھ کر بے اختیار ابوطالب کے آنسو جاری ہوگئے اور کہا کہ میں تیری اس اعلیٰ حالت سے بے خبر تھا تو اور ہی رنگ میں اور ہی شان میں ہے۔ جا اپنے کام میں لگا رہ۔ جب تک میں زندہ ہوں۔ جہاں تک میری طاقت ہے۔ میں تیرا ساتھ دوں گا"۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد سوم ص 111,110)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں یہ سب مضمون ابوطالب کے قصہ کا اگرچہ کتابوں میں درج ہے مگر یہ تمام عبارت الہامی ہے جو خدا تعالیٰ نے اس عاجز کے دل پر نازل کی۔ صرف کوئی کوئی فقرہ تشریح کے لئے اس عاجز کی طرف سے ہے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد سوم ص 111)

اصحاب ثلاثہ کا واقعہ

اپنوں کے لئے دینی غیرت کا ایک زبردست واقعہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے اپنے خطبہ عید الفطر 9 دسمبر 1904ء میں بیان کیا ہے جس کا تعلق اصحاب ثلاثہ سے ہے۔ فرمایا:۔

"......دوسرا واقعہ ایک صحابی کعب نامی کا ہے جو کہ آنحضرت ﷺ کا صحابی اور دولتمند آدمی تھا۔ آپؐ نے جب غزوۂ تبوک کی تیاری کا حکم جماعت کو دیا تو ہر ایک شخص اپنی اپنی جگہ تیاری کرنے لگا اور کعب نے خیال کیا کہ چونکہ میں ایک امیر آدمی ہوں اس لئے جس وقت چاہوں گا ہر ایک سامان مہیا کروں گا۔ چونکہ بستی کوئی بڑی نہ تھی کہ افراط سے ہر ایک شے موجود ہوتی، اس لئے لوگ تو طیاری کر کے روانہ ہوگئے اور کعب پیچھے رہ گیا۔ جب وہ بازار میں گیا تو اسے کچھ بھی نہ ملا۔ اس کاہلی اور سستی کا اور کیا نتیجہ ہوتا۔ آخر کار شمولیت سے محروم رہا۔ جب آنحضرت ﷺ واپس تشریف لائے تو کعب ایک حدیث میں خود بیان کرتا ہے۔ مجھے غم نے تنگ کیا اور میں جھوٹ بولنے کا ارادہ کرنے لگا اور سوچنے لگا کہ ایسی بات کہوں کہ آپؐ کے غصہ سے بچ جاؤں اور اپنی برادری کے ہر عقلمند سے اس میں اعانت کا طلبگار رہا جب خبر لگی کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے اس وقت مجھ سے یہ کذب دور ہو گیا اور میں نے جان لیا کہ آپؐ کے روبرو جھوٹ بولنے سے مجھے کبھی نجات نہ ہوگی۔ پس میں نے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کر لیا اور رسول اللہ ﷺ علی الصباح مدینہ میں آپہنچے اور جب آپؐ سفر سے تشریف لایا کرتے تھے تو اول مسجد میں نزول فرمایا کرتے تھے۔ آپؐ نے مسجد میں دو رکعت نماز پڑھی اور لوگوں کی ملاقات کے لئے وہاں ہی بیٹھ گئے۔ پس مختلف لوگ آتے اور سوگند کھا کھا کر اپنے تخلف کے عذر آپ کے سامنے بیان کرتے تھے اور یہ لوگ اسی آدمی سے کچھ زیادہ تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کا عذر قبول فرمایا اور ان سے بیعت لی اور ان کے لئے استغفار کیا اور ان کے باطن اللہ تعالیٰ کے سپرد فرمائے۔ جب میں خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے مجھے دیکھ کر غضبناک آدمی کی طرح تبسم فرمایا اور مجھے کہا آگے آ۔ میں سلام کہہ کر آپؐ کے ساتھ بیٹھ گیا۔ پھر آپ نے مجھے فرمایا کہ تو کس سبب پیچھے رہ گیا۔ کیا تو نے سواری خرید نہیں کی تھی؟ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ﷺ، مجھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ آج میں آپ کے سوا کسی دنیادار آدمی کے روبرو ہوتا تو خدا تعالیٰ نے مجھے کلام میں ایسی فصاحت عطا کی ہے کہ آپ دیکھتے کہ میں عذر بیان کر کے اس کے غصہ سے صاف نکل جاتا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ اگر میں آج جھوٹ بول کر آپ کو خوش بھی کر لوں تو عنقریب خدا تعالیٰ آپ کو مجھ پر غضبناک کر دے گا۔ مگر خدا تعالیٰ سے مجھے عافیت کی امید ہے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ مجھے کوئی عذر نہ تھا اور میں تخلف کے وقت پہلے سے بھی قوی اور خوش گزران تھا (میری عرض سن کر) آپ نے فرمایا بیشک اس نے سچ کہا (اور مجھے فرمایا) اٹھ کھڑا ہو اور چلا جا تا کہ خدا تعالیٰ تیرے حق میں فیصلہ کرے (میں اٹھ کھڑا ہوا) اور بنی سلمہ میں سے کچھ آدمی میرے پیچھے ہو لئے اور مجھے کہتے تھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے، ہم نہیں جانتے کہ تو نے اس سے پہلے کوئی گناہ کیا ہو۔ آج تو نے رسول اللہ ﷺ کے روبرو ایسے ہی عذر کیوں نہ کئے جیسے دوسرے متخلفوں نے کئے تھے۔ تیرے گناہ کے لئے رسول اللہ ﷺ کا استغفار کافی تھا۔ مجھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ وہ لوگ ایسے میرے پیچھے ہوئے کہ ان کے کہنے سے میں نے بھی ارادہ کر لیا کہ لوٹ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنی پہلی تقریر کی تکذیب کروں۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ اس کام میں میرے ساتھ کوئی اور بھی ہے (یعنی کوئی اور بھی ایسا ہے جس نے میری جیسی تقریر کی ہو) انہوں نے کہا ہاں دو آدمیوں نے تیری جیسی تقریر کی ہے اور ان کو بھی رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی فرمایا ہے جیسا تجھے فرمایا ہے۔ میں نے کہا وہ دونوں کون کون ہیں؟ لوگوں نے کہا ایک مرارہ بن ربیعہ عامری اور دوسرا ہلال بن امیہ واقفی۔ وہ کہتا ہے کہ لوگوں نے ایسے دو آدمی صالح کا نام لیا کہ جو بدر میں حاضر ہوئے تھے اور جن کا اقتدا کرنا چاہئے تھا۔ کہتا ہے جب انہوں نے میرے روبرو ان دونوں کا ذکر کیا تو میں چلا گیا اور لوٹ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس پہلی تقریر کی تکذیب کرنے نہ گیا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ متخلفین میں سے ان تین آدمی سے کوئی کلام نہ کرے۔ کہتا ہے کہ لوگ ہم سے اجتناب کر گئے یا کہا کہ لوگ ہم سے متغیر ہوگئے کہ وہ زمین بھی مجھے اوپری معلوم دینے لگی۔ گویا وہ زمین ہی نہ تھی جس کو میں پہچانتا تھا پس ہم پچاس رات اسی حال میں مبتلا رہے۔ میرے ان دونوں یاروں نے عاجز ہو کر اپنے گھروں میں بیٹھ کر رونا شروع کیا اور میں جوان دلیر تھا بازاروں میں پھرتا تھا اور نماز میں حاضر ہوتا تھا۔ مگر مجھ سے کوئی کلام نہ کرتا تھا اور میں نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ کو آن کر سلام کہتا اور دیکھتا کہ سلام کے جواب میں آپؐ کے لب مبارک نے حرکت کی ہے کہ نہیں پھر میں رسول اللہ ﷺ کے قریب کھڑا ہو کر نماز پڑھتا اور آنکھ چرا کر آپؐ کی طرف دیکھتا۔ جب میں نماز کی طرف متوجہ ہوتا تو آپؐ میری طرف نظر کرتے اور جب میں آپ کی طرف دیکھتا تو آپؐ منہ پھیر لیتے۔ جب مسلمانوں کی کڑائی مجھ پر بہت ہوگئی تو ایک دن میں ابوقتادہ کے باغ کی دیوار پھاند کر جو میرا چچازاد بھائی تھا اور میری اس سے بہت

محبت تھی باغ میں گیا۔ میں نے اس کو السلام علیکم کہا مگر اس نے سلام کا جواب نہ دیا۔ میں نے کہا اے ابوقتادہ! میں تجھے اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ تجھے معلوم ہے کہ میں اللہ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں وہ خاموش رہا اور مجھے کچھ جواب نہ دیا۔ میں نے پھر اس کو قسم دے کر کہا وہ خاموش ہی رہا اور مجھے کچھ جواب نہ دیا میں نے پھر تیسری دفعہ جب قسم دے کر کہا تو اس نے اس قدر کہا کہ اللہ اور رسول اللہ ﷺ خوب جانتے ہیں۔ یہ سنتے ہی میرے اشک جاری ہوگئے اور اسی طرح سے دیوار پر سے ہو کر وہاں سے نکل آیا۔ میں بازار میں چلا جاتا تھا کہ ایک آدمی شام کے لوگوں میں سے جو مدینہ میں غلہ فروخت کرنے کو آئے تھے کہتا پھرتا تھا کہ کوئی مجھے کعب بن مالک کا پتہ بتلاوے۔ لوگوں نے میری طرف اشارہ کر دیا۔ اس نے مجھے غسان کے حاکم کا خط دیا اور چونکہ میں لکھا پڑھا تھا میں نے وہ خط پڑھا۔ اس میں لکھا تھا۔ امابعد! ہم کو خبر پہنچی ہے کہ تیرے صاحب نے تجھ پر ظلم کیا اور خدا تعالیٰ نے تجھے ذلیل و ضائع نہیں کیا تو ہمارے پاس چلا آ، ہم تیری پرورش کریں گے۔ خط پڑھ کر میں نے دل میں خیال کیا کہ یہ بھی ایک بلا آئی (کفار کو ہماری طرف طمع ہوگئی) میں نے اس خط کو تنور میں جلا دیا۔ جب اس حال کو چالیس روز ہوگئے تو ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کا بھیجا ہوا آیا اور مجھے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھے فرمایا ہے کہ تو اپنی عورت سے علیحدہ ہو جا۔ میں نے کہا کہ آپ نے طلاق دینے کو فرمایا ہے یا کیا؟ اس نے کہا طلاق کو نہیں فرمایا۔ مجامعت سے منع فرمایا ہے اور دوسرے دونوں میرے یاروں کو بھی یہی کہلا بھیجا ہے۔ میں نے اپنی عورت کو کہا کہ جب تک خدا تعالیٰ کی طرف سے فیصلہ کا حکم نہیں آتا تو اپنے ماں باپ کے گھر چلی جا اور ہلال بن امیہ کی عورت نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یا رسول اللہ! ہلال بن امیہ بوڑھا ناکارہ ہے۔ اس کا خادم کوئی نہیں۔ کیا آپ اس کی خدمت کرنے سے مجھے منع فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ وہ تجھ سے مقاربت نہ کرے۔ اس نے عرض کی کہ خدا تعالیٰ کی قسم ہے وہ اس کام کے لائق ہی نہیں۔ واللہ! وہ جس روز سے اس حال میں مبتلا ہوا ہے آج تک دن رات روتا ہی رہا ہے۔ بعض لوگوں نے مجھے کہا کہ تو بھی اپنی عورت کی بابت رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کر جیسے ہلال کی عورت نے آپ سے اس کی خدمت کرنے کا اذن لے لیا ہے۔ میں نے کہا اگر میں اس امر میں آپؐ سے عرض کروں، معلوم نہیں آپ کیا جواب دیں اور میں جوان آدمی ہوں (یعنی عورت کے پاس ہوتے مجھے صبر کرنا مشکل ہے) یہاں تک کہ دس رات اور گزر گئیں اور ہمارے اس حال کو پچاس راتیں ہوگئیں۔ پچاسویں رات کی صبح کو میں فجر کی نماز اپنے گھروں میں سے ایک گھر کی چھت پر پڑھ کر اسی حالت میں بیٹھا تھا جیسے خدا تعالیٰ نے قرآن میں ہماری خبر دی ہے اور میرا دم بسبب غم کے بند ہو رہا تھا اور زمین باوجود کشائش کے مجھ پر تنگ ہو رہی تھی کہ میں نے ایک آدمی کی آواز سنی کہ پہاڑ سلع پر بآواز بلند کہہ رہا تھا کہ اے کعب بن مالک! تجھے بشارت ہو۔ میں سنتا ہی سجدہ میں گر پڑا اور جان گیا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کشائش آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھتے ہی لوگوں کو ہماری توبہ کے قبول ہونے کی خبر کر دی۔ لوگ ہم کو بشارت دینے شروع ہوگئے اور دونوں میرے یاروں کے پاس بھی بشارت دینے والے پہنچے اور ایک گھوڑا دوڑا کر میری طرف آیا اور ایک آدمی نے بنی اسلم میں پہاڑ پر چڑھ کر آواز کی۔ آواز گھوڑے کے سوار سے پہلے پہنچی۔ جب وہ شخص جس کی آواز میں نے سنی تھی میرے پاس آیا۔ تو میں نے اپنے دونوں کپڑے اتار کر بشارت کے عوض میں اس کو پہنا دیئے۔ مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ اس روز میرے پاس وہی کپڑے تھے جو دے دیئے اور میں نے دو کپڑے عاریتاً لے کر پہن لئے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کا ارادہ کر کے چلا۔ راستہ میں لوگ مجھے ملتے تھے اور توبہ کی قبولیت کی تہنیت دیتے تھے اور کہتے تھے کہ تجھے مبارک ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تیری توبہ قبول فرمائی حتیٰ کہ میں مسجد میں پہنچا۔ وہاں لوگ رسول اللہ ﷺ کے گرد مجتمع تھے۔ طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ مجھے دیکھ کر کھڑا ہو گیا اور دوڑ کر مجھ سے مصافحہ کیا اور تہنیت دی۔ واللہ! مہاجرین میں سے اس سے سوا دوسرا میری خاطر کوئی کھڑا نہیں ہوا۔ کعب طلحہ کے اس کام کو ہمیشہ یاد کیا کرتا تھا۔ کعب کہتا ہے کہ جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا اس وقت آپ کا چہرہ مبارک خوشی سے دمکتا تھا۔ آپؐ نے فرمایا۔ تجھے بشارت ہو ایسے دن کی، جب سے تو ماں سے پیدا ہے، اس دن سے بہتر کوئی دن تجھ پر نہیں آیا۔ میں نے گزارش کی کہ بشارت آپ کی طرف سے ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے؟ فرمایا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور رسول اللہ ﷺ کا چہرہ مبارک خوشی کے وقت ایسا روشن ہو جایا کرتا تھا کہ گویا چاند کا ٹکڑا ہے اور ہم اس حالت کو خوب جانتے تھے۔ میں نے آپ کے سامنے بیٹھ کر گزارش کی کہ یا رسول اللہ! میری توبہ میں سے ہے کہ میں اپنا مال صدقہ کر دوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ مال اپنے لئے رکھ لے کہ یہ تیرے حق میں بہتر ہے۔ میں نے عرض کی کہ خیبر کی غنیمت میں سے جو مجھے حصہ ملا تھا وہ میں اپنے لئے رکھتا ہوں۔ میں نے پھر عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے میرے صدق کے سبب مجھے نجات دی ہے۔ یہ بھی میری توبہ میں سے ہے کہ آئندہ میں اپنی زندگی میں سچ کے سوا کوئی بات نہ کروں گا۔ مجھے خدا کی قسم ہے کہ جس دن سے میں نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے عرض کی ہے اس دن سے کسی مسلمان پر اللہ تعالیٰ نے ایسا انعام نہیں کیا جیسا صدق کے باعث مجھے انعام کیا ہے اور اس دن سے آج تک کبھی جھوٹ نہیں کہا اور امید ہے کہ خدا تعالیٰ آئندہ بھی مجھے جھوٹ سے محفوظ رکھے گا"۔

(خطبات نور ص 171 تا 175)

اس واقعہ کا ذکر سورۃ توبہ کی آیت نمبر 118 میں ہے۔

اسی طرح ان تینوں پر بھی اس نے فضل کیا جو کہ پیچھے چھوڑے گئے تھے یہاں تک کہ جب زمین فراخی کے ان پر تنگ ہوگئی اور ان کے اپنے نفس بھی ان پر بار بن گئی اور انہوں نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچنے کے لئے سوائے اس کے اور کوئی پناہ نہیں تو ان کی حالت دیکھ کر اللہ تعالیٰ نے ان پر فضل کیا تاکہ وہ بھی توبہ کریں اللہ تعالیٰ یقیناً بار بار توبہ قبول کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔

غزوہ احد کا واقعہ

حضرت مصلح موعود نے بخاری کتاب الجہاد سے یہ واقعہ اپنی کتاب سیرت النبیؐ میں بیان کیا ہے۔

"رسول کریم ﷺ نے پیادہ فوج کے پچاس آدمیوں پر احد کے دن عبداللہ بن جبیرؓ کو مقرر کیا کہ اگر تم یہ بھی دیکھ لو کہ ہمیں جانور اچک رہے ہیں تب بھی اپنی اس جگہ سے نہ ہلنا جب تک تم کو میں کہلا نہ بھیجوں اور اگر تم یہ معلوم کر لو کہ ہم نے دشمن کو شکست دے دی ہے اور ان کو مسل دیا ہے تب بھی اس وقت تک کہ تمہیں کہلا نہ بھیجا جائے اپنی جگہ نہ چھوڑنا۔ اس کے بعد جنگ ہوئی اور مسلمانوں نے کفار کو شکست دی۔ حضرت براءؓ فرماتے ہیں خدا کی قسم میں دیکھ رہا تھا کہ عورتیں کپڑے اٹھا اٹھا کر بھاگ رہی ہیں اور ان کی پنڈلیاں ننگی ہو رہی تھیں اس بات کو دیکھ کر عبداللہ بن جبیرؓ کے ساتھیوں نے کہا۔ اے قوم غنیمت کا وقت ہے غنیمت کا وقت ہے تمہارے ساتھی غالب آ گئے پھر تم کیا انتظار کر رہے ہو اس پر عبداللہ بن جبیرؓ نے انہیں کہا کہ کیا تم رسول کریمؐ کا حکم بھول گئے ہو۔ انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم ہم بھی ساری فوج سے مل کر غنیمت حاصل کریں گے۔ جب لشکر سے آ کر مل گئے تو ان کے منہ پھیرے گئے اور شکست کھا کر بھاگے اسی کے بارہ میں قرآن شریف کی یہ آیت نازل ہوئی ہے کہ یاد کرو جب رسول تم کو پیچھے کی طرف بلا رہا تھا (سورۃ آل عمران آیت 154 کی طرف اشارہ ہے۔ ناقل) اور رسول کریمؐ کے ساتھ سوائے بارہ آدمیوں کے اور کوئی نہ رہا۔ اس وقت کفار نے ہمارے ستر آدمیوں کا نقصان کیا اور رسول کریمؐ اور آپؐ کے اصحابؓ نے جنگ بدر میں کفار کے ایک سو چالیس آدمیوں کا نقصان کیا تھا۔ ستر قتل ہوئے تھے اور ستر قید کئے گئے تھے۔ غرضیکہ جب لشکر پراگندہ ہو گیا اور رسول کریمؐ کے گرد صرف ایک قلیل جماعت رہ گئی تو ابوسفیان نے پکار کر کہا تم میں محمدؐ ہے؟ اور اس بات کو تین بار دہرایا لیکن رسول کریمؐ نے لوگوں کو منع کر دیا کہ وہ جواب نہ دیں۔ اس کے بعد ابوسفیان نے تین دفعہ بآواز بلند کہا کیا تم میں ابن ابی قحافہ (حضرت ابوبکر) ہے؟ اس کا جواب بھی نہ دیا گیا تو اس نے پھر تین دفعہ پکار کر کہا کیا تم میں ابن الخطاب (حضرت عمر) ہے؟ پھر بھی جواب نہ ملا تو اس نے اپنے ساتھیوں کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ یہ لوگ مارے گئے ہیں اس بات کو سن کر حضرت عمرؓ برداشت نہ کر سکے اور فرمایا کہ اے خدا کے دشمن! تو نے جھوٹ کہا ہے۔ جن کا تو نے نام لیا ہے وہ سب کے سب زندہ ہیں اور وہ چیز جسے تو ناپسند کرتا ہے ابھی باقی ہے اس جواب کو سن کر ابوسفیان نے کہا کہ آج کا دن بدر کا بدلہ ہو گیا اور لڑائیوں کا حال ڈول کا سا ہوتا ہے تم اپنے مقتولوں میں سے بعض ایسے پاؤ گے کہ جن کے ناک کٹے ہوئے ہوں گے۔ میں نے اس بات کا حکم نہیں دیا تھا۔ لیکن میں اس بات کو ناپسند بھی نہیں کرتا پھر فخریہ کلمات بآواز بلند کہنے لگا۔ اعل ھبل اعل ھبل۔ اے ھبل (بت) تیرا درجہ بلند ہے۔ اے ھبل تیرا درجہ بلند ہو۔ اس پر رسول کریمؐ نے فرمایا کہ تم اس کا جواب کیوں نہیں دیتے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کیا کہیں؟ آپؐ نے فرمایا کہو اللّٰہ مولانا ولا مولیٰ لکم کہ خدا ہمارا دوست و کارساز ہے اور تمہارا کوئی دوست نہیں۔

اس واقعہ سے اچھی طرح معلوم ہو سکتا ہے کہ آنحضرتؐ خدا تعالیٰ کے معاملہ میں کیسے باغیرت تھے اپنے اور صحابہ کے معاملہ میں تو خاموش رہے لیکن مشرکانہ کلمات کو برداشت نہ کر سکے اور نہایت نازک حالات میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا نعرہ بلند کیا۔

ایک اور حدیث ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے منبر پر بیٹھے ہوئے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ والسموٰت مطویات بیمینہ (الزمر: 68) آسمان اور زمین دونوں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے ان شریکوں سے جو لوگ اس کے مقابل میں ٹھہراتے ہیں۔ رسول کریمؐ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

میں بڑی طاقتوں والا اور نقصان کی تلافی کرنے والا ہوں۔ انتہائی بلند مرتبہ والا اور انتہائی بلند شان والا بادشاہ ہوں اللہ اس طرح اپنی ذات کی حمد اور بزرگی بیان کرتا ہے۔ رسول کریمؐ نے ان الفاظ کو اس قدر جوش سے دہراتے چلے گئے کہ منبر زور سے ہلنے لگا اور ہمیں خیال ہوا کہ کہیں آپ منبر سے گر ہی نہ جائیں۔

(مسند احمد)

پہلی بلٹ پروف گاڑی

دنیا کی پہلی بلٹ پروف گاڑی 1949ء میں مصر کے شاہ فاروق اول نے اپنے ذاتی استعمال کے لئے بنائی اس کے شیشے اور ٹائر بلٹ پروف تھے۔

شہنشاہ ایران رضا شاہ پہلوی نے بھی شاہ فاروق کی تقلید کرتے ہوئے ایسی ہی کار بنوائی مگر وہ ملک بدر ہو جانے کی وجہ سے اسے استعمال نہ کر سکے۔ خوبیوں میں سب سے بڑھ کر فائر پروف، بلٹ پروف اور ایکسیڈنٹ پروف کار سعودیہ کے شاہ فہد نے 1983ء میں بنوائی جس میں خواب گاہ (بیڈ روم) اور باورچی خانہ کی سہولت بھی موجود تھی۔

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی روشنی میں

میاں بیوی کے حقوق وفرائض

بعض، بیویوں سے ناروا سلوک کرتے ہیں

''کئی مرد جو نمازیں پڑھنے والے ہیں، چندہ دینے والے ہیں، جماعتی کاموں میں حصہ لینے والے ہیں، لیکن گھر جائیں تو بیویوں سے ناروا سلوک کرتے ہیں۔ بعض والدین اپنے بچوں کے ذریعہ حقوق تلف کروا رہے ہوتے ہیں۔ بعض بیویاں اپنے خاوندوں کے ذریعہ اس کے والدین کے حقوق تلف کروا رہی ہوتی ہیں۔

بعض بیویاں چھوڑ کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ نہ انہیں رکھتے ہیں اور نہ بساتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ پیش ہوا کہ ایک خاوند نے اپنی بیوی سے کہا کہ تجھے نہ رکھوں گا نہ بساؤں گا۔ پھر جب طلاق والی آیات نازل ہوئیں اور طلاق کی تعداد مقرر ہوئی تو تب اس عورت کی جان چھوٹی۔ لیکن اب بھی ایسے معاملے سامنے آتے ہیں کہ مرد کہتے ہیں کہ ہم تنگ کریں گے، طلاق، خلع کے معاملہ کو لٹکائیں گے اور دستخط وغیرہ نہیں کریں گے۔ بہرحال ایسی صورت میں نظام جماعت ایکشن لیتا ہے اور لینا چاہئے''۔

(مستورات سے خطاب جلسہ سالانہ آسٹریلیا 15 راپریل 2006ء از انٹرنیشنل 19 رمئی 2006ء)

میاں بیوی کو قناعت کی تعلیم

''میاں بیوی کے جھگڑے ہیں یہ بھی توکل میں کمی کی وجہ سے ہی ہوتے ہیں۔ اور اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ عورتوں میں قناعت کا مادہ کم ہوتا ہے۔ بجائے اس کے کہ وہ اپنے خاوند کی جیب کو دیکھتے ہوئے اپنے ہاتھ کھولے، اپنے دوستوں، سہیلیوں یا ہمسایوں کی طرف دیکھتی ہیں جن کے حالات ان سے بہتر ہوتے ہیں اور پھر خرچ کر لیتی ہیں، پھر خاوندوں سے مطالبہ ہوتا ہے کہ اور دو۔ پھر آہستہ آہستہ یہ حالت مزید بگڑتی ہے اور اس قدر بے صبری کی حالت اختیار کر لیتی ہے کہ بعض دفعہ باوجود اس کے کہ دو دو تین تین بچے بھی ہو جاتے ہیں لیکن اس بے صبری کی قناعت کی وجہ سے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل نہ ہونے کی وجہ سے۔ کیونکہ ایسے لوگ صرف دنیاداری کے خیالات سے ہی اپنے دماغوں کو بھرے رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پر اس وجہ سے یقین بھی کم ہو جاتا ہے اور اگر خدا تعالیٰ پر یقین نہ ہو تو پھر اس کے سامنے جھکتے بھی نہیں، اس سے دعا بھی نہیں کرتے۔ تو یہ ایک سلسلہ جب چلتا ہے تو پھر دوسرا سلسلہ چلتا چلا جاتا ہے۔ اور پھر جو اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنے والے نہ ہوں ان پر توکل کیسے رہ سکتا ہے۔ تو ایسی عورتیں پھر اپنے گھروں کو برباد کر دیتی ہیں۔ خاوندوں سے علیحدہ ہونے کے مطالبے شروع ہو جاتے ہیں۔ اور پھر جیسا کہ مَیں نے کہا کہ ایک برائی سے دوسری برائی پیدا ہوتی چلی جاتی ہے لیکن یہ صرف عورتوں کی حد تک نہیں ہے بلکہ ایسے مرد بھی ہیں جن کو مَیں کہوں گا کہ جن میں غیرت کی کمی ہے جو اپنی بیوی سے مطالبے کر رہے ہوتے ہیں کہ تم جہیز میں جو زیور لائی ہو مجھے دو تا کہ مَیں کاروبار کروں۔ یا جو رقم اگر نقد ہے تو وہ مجھے دو تا کہ میں اپنے کاروبار مَیں لگاؤں۔ اگر تو میاں بیوی کے تعلقات محبت اور پیار کے ہیں تو آپس میں افہام وتفہیم سے عورتیں دے بھی دیتی ہیں۔ لیکن اگر عورت کو پتہ ہو کہ میرا خاوند نکھٹو ہے۔ اس میں اتنی استعداد ہی نہیں ہے کہ وہ کاروبار کر سکے اور یہ احساس ہو کہ کچھ عرصہ بعد میرا جو اپنا سرمایہ ہے، رقم ہے وہ بھی جاتی رہے گی اور گھر میں پھر فاقہ زدگی پیدا ہو جائے گی اور وہی حالات ہو جائیں گے تو وہ نہیں دیتیں اور اس سے لڑائی جھگڑے بڑھتے ہیں۔ پھر یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض دفعہ تھوڑی بے غیرتی کی حد آگے بھی چلی جاتی ہے جب ایک دفعہ بے غیرت انسان ہو جائے تو یہ مطالبہ ہو جاتا ہے کہ بیوی کو کہا جاتا ہے کہ تمہارا باپ کافی پیسے والا ہے، امیر ہے اس لئے مجھے اتنی رقم اس سے لے کر دو تا کہ میں کاروبار کروں اور اس میں لڑکے کے گھر والے بھائی بہن وغیرہ بھی شامل ہوتے ہیں جو اس کو اکساتے ہیں کہ تم اس رقم کا مطالبہ کرو۔ تو گویا اب لڑکی کے پورے سسرال کو پالنا اس کی ذمہ داری ہو جاتی ہے۔ تو ایسے لوگ جو اس قسم کی حرکتیں کرتے ہیں وہ ہمیشہ وہی ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف نہ جھکنے والے اور اس پر توکل نہ کرنے والے اور اس کے احکامات اور تعلیم پر عمل نہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی عبادات، جو حق ہے عبادت کرنے کا اس طرح نہ کرنے والے ہوں ان میں کبھی توکل پیدا ہو ہی نہیں سکتا۔ اور پھر جیسا کہ مَیں نے پہلے کہا کہ جب عائلی معاملات میں ایسے حالات پیدا ہو جائیں تو ان حالات میں بھی عورتوں پر ہی ظلم یہ ہوتا ہے کہ اگر مردوں کی ڈیمانڈ (Demand) پوری نہ کی جائیں تو ان کو گھر سے نکال دیا جاتا ہے اور بڑی تکلیف دہ صورتحال ہوتی ہیں''۔ (خطبات مسرور جلد اوّل صفحہ 51-250)

بیویاں قناعت پسند ہوں

''بعض عورتوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ بعض دفعہ حالات خراب ہو جاتے ہیں، مرد کی ملازمت نہیں رہی یا کاروبار میں نقصان ہوا، وہ حالات نہیں رہے، کشائش نہیں رہی تو ایک شور برپا کر دیتی ہیں کہ حالات کا رونا، خاوندوں سے لڑائی جھگڑے، انہیں برا بھلا کہنا، مطالبے کرنا۔ تو اس قسم کی حرکتوں کا نتیجہ پھر اچھا نہیں نکلتا۔ خاوند اگر ذرا سا بھی کمزور طبیعت کا مالک ہے تو فوراً قرض لے لیتا ہے کہ بیوی کے شوق کسی طرح پورے ہو جائیں اور پھر قرض کی دلدل ایک ایسی دلدل ہے کہ اس میں پھر انسان دھنستا چلا جاتا ہے۔ ایسے حالات میں کامل وفا کے ساتھ خاوند کا مددگار ہونا چاہئے، گزارا کرنا چاہئے''۔

(مستورات سے خطاب جلسہ سالانہ جرمنی 23 راگست 2003ء از الفضل انٹرنیشنل 18 رنومبر 2005ء)

بیویاں ناجائز مطالبات نہ کریں

''مومن کی یہ بھی نشانی ہے کہ وہ صبر سے کام لیتا ہے۔ بعض گھروں میں ہر وقت لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔ بعض عورتیں ناجائز مطالبات کرتی ہیں جن کو پورا کرنا خاوند کی طاقت میں نہیں ہوتا۔ اس صورت میں جھگڑا بڑھتا ہے اور یا تو خاوند بیوی پر ظلم کرتے ہیں یا پھر مطالبات پورے کرنے کے لئے قرض لینا شروع کر دیتے ہیں اور بعد میں قرض ادا نہیں کر سکتے۔ اس طرح ایک شیطانی چکر چل جاتا ہے جو بعض ناجائز مطالبات کرنے کی وجہ سے اور صبر کا دامن چھوڑنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ گھروں میں ان حالات کی وجہ سے بچے باہر سکون تلاش کرتے ہیں اور اولادیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ جب ماں باپ کو ہوش آتی ہے تو وقت ہاتھ سے نکل چکا ہوتا ہے''۔

(خطاب مستورات برموقعہ جلسہ سالانہ سوئٹزرلینڈ 4 ستمبر 2004ء از الفضل انٹرنیشنل 24 رستمبر 2004ء)

عورت گھریلو اخراجات کو کنٹرول کرے

''ایک حدیث میں بھی آتا ہے کہ عورت اپنے خاوند کے گھر کی نگران ہے۔ اب گھریلو اخراجات کو ہی لے لیں۔ گھر کے اخراجات کا عموماً ہر عورت کو پتہ ہوتا ہے۔ اب اگر عورت گھر کا خرچ سگھڑاپے سے نہ چلا رہی ہو تو بلاوجہ کے زائد اخراجات ہو جاتے ہیں۔ بعض فضول خرچیاں ہو رہی ہوتی ہیں۔ یا بہانہ بنا کر خاوند سے زائد رقم وصول کر رہی ہوتی ہیں کہ اخراجات زیادہ ہو گئے ہیں تو یہ بھی حقیقی فرمانبرداری اور نیک نیتی نہیں ہے اور نہ ہی یہ گھر کی ذمہ داری مکمل طور پر ادا کرنے والی بات ہے''۔

(خطاب مستورات برموقعہ جلسہ سالانہ بیلجیئم 11 رستمبر 2004ء از الفضل انٹرنیشنل یکم رجولائی 2005ء)

عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے کے معنی اور فلسفہ

''حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

عورتوں سے بھلائی سے پیش آیا کرو۔ عورت یقیناً پسلی سے پیدا کی گئی ہے۔ پسلی کے اوپر کے حصے میں زیادہ کجی ہوتی ہے اگر تم اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے۔ اور تم اسے چھوڑ دو گے تو ٹیڑھی ہی رہے گی۔ پس تم اس سے بھلائی ہی سے پیش آیا کرو۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عورت پسلی کی طرح ہے اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو توڑ دو گے اور اگر تم اس سے فائدہ اُٹھانا چاہو تو تم اس کی کجی کے باوجود اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہو۔

(بخاری کتاب الانبیاء باب خلق آدم وذریتہ)

اب پسلی کا زاویہ یا گولائی جو بھی ہے وہی اس کی مضبوطی ہے اور انتہائی نازک حصہ بھی کسی جاندار کا اس کے حصار میں ہے۔ یعنی دل اور بعض دوسری چیزیں بھی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کی اس تخلیق سے انسان نے فائدہ اُٹھایا ہے۔ اس لئے دیکھ لیں عمارتوں اور پُلوں میں جہاں زیادہ مضبوطی دینی ہو اسی طرح گولائی دی جاتی ہے۔ تو فرمایا کہ عورت کا جو مضبوط کردار ہے اس سے اگر فائدہ اُٹھانا ہے تو اس کو زیادہ اپنے مطابق ڈھالنے کی کوشش نہ کرو ورنہ فائدہ تو کیا وہ تمہارے کسی کام کی بھی نہیں رہے گی۔ لیکن یہ بھی ثابت شدہ ہے کہ عورت میں اللہ تعالیٰ نے قربانی کا مادہ بہت زیادہ رکھا ہے۔ اگر خود نمونہ بن کر اس سے نیکی سے پیش آؤ گے تو وہ خود اپنے آپ کو تمہاری خواہشات پر قربان کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہے گی۔ اس لئے اس سے زیادہ فائدہ سختی سے نہیں بلکہ پیار ومحبت سے ہی اُٹھایا جا سکتا ہے''۔ (خطبات مسرور جلد دوم صفحہ 456)

میاں بیوی کو ایک دوسرے میں خوبیاں تلاش کرنی چاہئیں

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میاں بیوی کو ایک دوسرے میں خوبیاں تلاش کرنے کی نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ

اگر تم میں سے کسی کو دوسرے میں عیب نظر آتا ہے یا اس کی کوئی اور ادا ناپسند ہے تو کئی باتیں اس کی پسند بھی ہوں گی جو اچھی بھی لگیں گی۔ تو وہ پسندیدہ باتیں جو ہیں ان کو مدنظر رکھ کر ایثار کا پہلو اختیار کرتے ہوئے موافقت کی فضا پیدا کرنی چاہئے۔ آپس میں صلح وصفائی کی فضا پیدا کرنی چاہئے تو یہ میاں بیوی دونوں کو نصیحت

